Reg. No. ....

Name : ....

Code No. 9007

Second Year – March 2018

Time : 2 ½ Hours
Cool-off time : 15 Minutes

Part–II

URDU

Maximum : 80 Scores

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.
- Calculations, figures and graphs should be shown in the answer sheet itself.
- Give equations wherever necessary.
- Electronic devices except non-programmable calculators are not allowed in the Examination Hall.

(Scores : 4 × 1 = 4) **1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔**

1. پسندیدہ کسی ایک غزل گلوکار کا نام لکھیے۔

2. سبق ''آہ امّاں !'' کے لئے کوئی دوسرا عنوان تجویز کیجیے۔

3. رباعی کا دوسرا نام لکھیے۔

4. ہندوستان کی پہلی بولتی فلم کون سی ہے ؟

5 سے 10 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم تین جملوں میں لکھیے۔

(Scores : 5 × 3 = 15)

5. ہیلن کیلر کی استانی کا نام کیا ہے ؟ ان کی خدمات پر اظہارِ خیال کیجیے۔

6. ذیل کے جملوں کو زمانۂ مستقبل میں بدل کر لکھیے :

- میں دلّی جاتا ہوں۔
- سلیم دلّی جاتا ہے۔
- لڑکے دلّی جاتے ہیں۔

7. ''اپنا اور بیوی بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے دن بھر میں ان کے پاس صرف سات آٹھ روپئے بچتے ہیں۔'' بچوں ! دلّی کے سائیکل رکشا والوں کی زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔

8. ذیل میں سے اقبالؔ کا شعر چن کر لکھیے :

ــ تو میری خادمہ بنی شہزادہ میں ترا
دامانِ آرزو ترا اللہ نے بھرا

ــ قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بو پر
چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

9. فلم 'مغل اعظم' میں بہترین گیت شامل کیے گئے ہیں۔ پسندیدہ کسی ایک گیت کے بارے میں اپنی رائے پیش کیجیے۔

10. ذیل کی عبارت غور سے پڑھیے اور تین سوالات تیار کیجیے :

اکبر انارکلی کو قید کرنے کا حکم دیتا ہے۔ سلیم بغاوت کا اعلان کرتا ہے۔ اکبر اور سلیم کی فوجوں میں جنگ ہوتی ہے اور سلیم کو گرفتار کر لیا جاتا ہے۔

11 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے۔

(Scores : 4 × 4 = 16)

11. ذیل میں سے کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

الف۔ راتوں کو جاگ کر مجھے دیتی رہی دوا
میرے لیے ہر ایک ستم اور غم سہا

ب۔ اگر کھو گیا اک نشیمن تو کیا غم
مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں

12. ''ابھی مہمانوں نے نہیں کھایا تب تک صبر نہ ہو سکا۔'' روپا نے بوڑھی کاکی کو گالیاں دیں۔ بچوں ! بوڑھے لوگوں کے ساتھ ہمارا سلوک کس طرح ہونا چاہیے ؟

13. آپ کے گاؤں میں 'عورتوں کی آزادی' پر ایک تقریری مقابلہ ہونے والا ہے۔ اس میں پیش کرنے کے لیے چند نکات پیش کیجیے۔

14. شاعرِ مشرق علّامہ محمد اقبالؔ اردو کے بڑے شاعر اور مفکّر ہیں۔ اقبالؔ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔

15. ''ہر ایک سفر ایک نیا تجربہ ہے۔'' کسی ایک سفر کا تجربہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

16 سے 20 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے۔

(Scores : 4 × 6 = 24)

16. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

مٹی سے بنا ہے، دل کو تو سنگ نہ کر
ہر بات پہ معترض نہ ہو، جنگ نہ کر
منظور اگر ہے جا دلوں میں اے دوست
بہتر ہے کہ دشمن کو بھی دل تنگ نہ کر

17. فلم 'مغل اعظم' کی کہانی کی بنیاد امتیاز علی تاج کے مشہور ڈراما 'انارکلی' پر رکھی گئی ہے۔ فلم مغلِ اعظم کی کہانی مختصر طور پر لکھیے۔

18. ''ہر ایک کا پہلا استاد اپنی ماں ہوتی ہے۔'' ماں کی عظمت کے بارے میں اپنے خیالات واضح کیجیے۔

19. اشاروں کی مدد سے ایک سیمینار کے لیے نوٹیس تیار کیجیے :

موضوع	:	غزل کی مقبولیت
جگہ	:	ٹاؤن ہال، کوچّی
تاریخ	:	۲۵ مارچ صبح دس بجے
صدر	:	....
افتتاح	:	....
......	:	....

20. غالبؔ کے متعلق بہت سی فلمیں، ٹیلی سیریل وغیرہ آپ نے دیکھا ہوگا۔ منظر نامہ 'غالبؔ' کے کسی ایک کردار کے بارے میں اپنے خیالات واضح کیجیے۔

21 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے۔
(Scores : 3 × 7 = 21)

21. ہمارے سماج میں بوڑھے لوگوں کو بہت سارے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کے مسائل اور اس کے حل کیا کیا ہیں ؟ لکھیے۔

22. ''اردو اس ملک کی زبان ہے۔ یہاں کے عوام کی زبان ہے۔ قلعہ کی یا نوابوں کی یا شاہوں کی نہیں......'' اردو زبان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

23. آپ نے کئی جگہیں دیکھی ہوں گی۔ پسندیدہ کسی ایک تفریحی مقام کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

24. ذیل میں دیے گئے کسی ایک کی آپ بیتی تیار کیجیے :
ندی - ناریل کا پیڑ - پہاڑ